**23.10.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین
Music

........................................................................

☆ وزیر اعظم نے بھارت اور چین کے درمیان اختلافات اور تنازعات کو مناسب طریقے سے حل کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ اختلافات کو امن اور سکون کی صورتحال متاثر کرنے کی اجازت نہیں دینی چاہیئے۔

☆ وزیر اعظم نے دہشت گردی اور دہشت گردوں کو فائنانس مہیا کرنے کے معاملے سے نمٹنے کیلئے برکس ملکوں کے مابین مضبوط تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے روس کے کزان میں 16ویں برکس سربراہ کانفرنس سے خطاب کیا۔

☆ مہاراشٹر میں اپوزیشن اتحاد میں شامل ہر پارٹی یعنی مہا وِکاس اَگھاڑی ، کانگریس ، اُدھو ٹھاکرے کی سینا اور شرد پوار کی این سی پی 85 - 85 سیٹوں پر مقابلہ کریں گی۔

☆ سمندری طوفان Dana کل رات اور جمعہ کی صبح کے درمیان مغربی بنگال اور اڈیشہ میں اثر انداز ہوگا۔

☆ جرمنی کے چانسلر Olaf Scholz کل سے تین روزہ دورے پر بھارت آرہے ہیں۔

☆ اور مردوں کی ہاکی میں ، نئی دلّی میں بھارت پہلے میچ میں جرمنی سے دو کے مقابلے صفر گول سے ہار گیا ہے۔

........................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### *PM - BRICS Address*

وزیر اعظم نے بھارت اور چین کے درمیان اختلافات اور تنازعات کو مناسب طریقے سے حل کرنے کی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ اِن کی وجہ سے امن اور سکون کی صورتحال متاثر نہیں ہونے دینی چاہیئے۔ جناب مودی نے کزان میں 16ویں برکس سربراہ کانفرنس کے موقع پر چین کے صدر Xi Jinping سے باہمی میٹنگ کی۔ میٹنگ کے دوران دونوں لیڈروں نے اِس بات کی توثیق کی کہ بھارت اور چین کے درمیان مستحکم ، پیشگوئی کے قابل اور پُرامن باہمی

تعلقات کا علاقائی اور عالمگیر امن اور خوشحالی پر مثبت اثر پڑے گا۔ دونوں لیڈروں نے باہمی تعلقات کو کلیدی اور طویل مدتی تناظر سے بلند کرکے اِسے کلیدی نوعیت کے مذاکرات پر مبنی تعلقات تک پہنچانے کی ضرورت کو بھی اجاگر کیا اور ترقیاتی چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے تعاون کے راستے تلاش کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ دونوں ملک کھلے دِل کے ساتھ مذاکرات کریں گے۔

بعد میں جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور چین کے تعلقات ہمارے ملکوں کے عوام کیلئے بے حد اہم ہیں۔ انہوں نے سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں کہا کہ باہمی اعتماد ، باہمی احترام اور باہمی حساسیت پر مبنی جذبہ، باہمی تعلقات کیلئے رہنمائی کرے گا۔

کزان میں میٹنگ کے بارے میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے، خارجہ سکریٹری وکرم مِسری نے بتایا کہ یہ میٹنگ ایک ایسے وقت ہوئی ہے کہ جب تنازعے کی صورتحال سے پیچھے ہٹنے اور گشت کئے جانے سے متعلق اتفاقِ رائے ہوا ہے اور اُن معاملات کے حل کی جانب بڑھے ہیں، جو 2020 میں بھارت اور چین کے سرحدی علاقوں میں پیش آئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں نے یہ بات کہی کہ بھارت - چین سرحد کے سوال پر خصوصی نمائندوں کا اِس حل کے تعلق سے انتہائی اہم رول ہے۔

SB - 2100 - MEA Press Con.

جناب مودی کے ساتھ باہمی میٹنگ کے دوران چین کے صدر نے کہا کہ دونوں ملکوں کیلئے یہ بہت ضروری ہے کہ زیادہ مذاکرات اور تعاون ہو۔ اختلافات اور نہ اتفاقیوں کو ٹھیک طریقے سے دور کیا جائے اور ہر ایک کی ترقیاتی امنگوں کی جستجو کیلئے سہولت بہم پہنچائی جائے۔

اِس سے قبل وزیر اعظم نے برکس ملکوں سے کہا کہ وہ دہشت گردی اور دہشت گردوں کو فنڈ فراہم کرنے کے معاملے سے نمٹنے کیلئے متحد ہوں اور مضبوطی کے ساتھ تعاون کریں۔

انہوں نے مزید کہا کہ اِس طرح کے سنجیدہ معاملے پر دوہرے معیار اختیار کرنے کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ کزان میں 16ویں برکس سربراہ کانفرنس کے اختتامی مکمل اجلاس کے موقع پر جناب مودی نے نوجوانوں کے مابین بنیاد پرستی کی روک تھام کیلئے سرگرم اقدامات اٹھائے جانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے اقوامِ متحدہ میں بین الاقوامی دہشت گردی کے موضوع پر جامع کنونشن کے التواء میں پڑے معاملے کے سلسلے میں مل کر کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیر اعظم نے اِس بات کو بھی اجاگر کیا کہ سائبر سکیورٹی اور محفوظ اور سلامت مصنوعی ذہانت کیلئے عالمی ضوابط کے سلسلے میں کام کئے جانے کی ضرورت ہے۔

انہوں نے کہا کہ سائبر سکیورٹی، Deep Fake اور ٹیکنالوجی کے عہد میں غلط معلومات کے نئے چیلنجوں کے تناظر میں برکس سے کئی توقعات وابستہ ہوگئی ہیں۔

بعد میں برکس سربراہوں کی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ برکس عالمِ انسانیت کے 40 فیصد اور معیشت کے تقریباً 30 فیصد کی نمائندگی کرتا ہے اور اِس گروپ میں پچھلی دو دہائیوں میں کئی سنگِ میل حاصل کئے ہیں۔ انہوں نے اِس اعتماد کا اظہار کیا کہ یہ تنظیم آنے والے زمانے میں عالمگیر چیلنجوں کا سامنا کرنے کے تعلق سے زیادہ موثر وسیلے کے طور پر ابھرکر سامنے آئے گی۔ جناب مودی نے برازیل کے صدر Lula Da Silva کے برکس کے نئے صدر کے طور پر اپنی حمایت کا بھی اظہار کیا۔

بھارت کے Unified Payment Interface-UPI کے بارے میں بات کرتے ہوئے، وزیر اعظم نے کہا کہ یہ بھارت کی کامیابی کی ایک بڑی داستان ہے، جسے کئی ملکوں نے اختیار کیا ہے۔

SB - 2100 - PM - UPI

انہوں نے بین الاقوامی شمسی اتحاد ، قدرتی آفات سے مزاحم بنیادی ڈھانچے اور ایک پیڑ ماں کے نام جیسی کئی اسکیموں کے بارے میں بات کی۔

SB - 2100 - PM Climate Change

وزیر اعظم کزان کے کامیاب دورے کے بعد وطن واپس روانہ ہو گئے ہیں۔ xxx

## PM Mann Ki Baat

وزیراعظم نریندر مودی 27 اکتوبر کو آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 115 واں نشریہ ہوگا۔ اِس پروگرام کیلئے لوگ ٹول فری نمبر ایک آٹھ صفر صفر، ایک ایک، سات آٹھ صفر صفر، پر اپنی رائے اور تجاویز درج کرا سکتے ہیں۔ لوگ نریندر مودی ایپ یا MyGov کے اوپن فورم پر بھی آن لائن اپنے خیالات پیش کرسکتے ہیں۔ آئندہ نشریے کیلئے تجاویز، اِس ماہ کی 25 تاریخ تک قبول کی جائیں گی۔

یہ پروگرام آکاشوانی اور دور درشن کے تمام نیٹ ورک، AIR نیوز ویب سائٹ اور newsonair ایپ پر نشر کیا جائے گا۔ AIR نیوز، ڈی ڈی نیوز، پی ایم او اور اطلاعات و نشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر بھی اسے براہ راست نشر کیا جائے گا۔

آکاشوانی، ہندی نشریے کے فوراً بعد مقامی زبانوں میں اس پروگرام کو نشر کرے گا۔ x

## Maharastra Election

مہاراشٹر میں سیاسی سرگرمیاں تیز ہونے کے ساتھ ہی شیوسینا (ادھو بالا صاحب ٹھاکرے) نے اسمبلی انتخابات

کیلئے 65 امیدواروں کی اپنی پہلی فہرست کا اعلان کیا ہے۔ پارٹی نے وزیر اعلیٰ ایکناتھ شنڈے کے مضبوط گڑھ Kopri-Pachpakhadi اسمبلی حلقے سے اُن کے خلاف Kedar Dighe کو چناؤ میدان میں اتارا ہے۔ آدتیہ ٹھاکرے، وَرلی سے چناؤ لڑیں گے۔

اِس دوران کانگریس، شیو سینا (UBT) اور NCP (شرد پوار) پر مشتمل اپوزیشن مہا وکاس اگھاڑی نے اعلان کیا ہے کہ ہر پارٹی کیلئے 85 سیٹوں پر اتفاقِ رائے ہوگیا ہے۔ بقیہ سیٹوں کے حوالے سے دیگر پارٹی ممبران سے تبادلۂ خیال کل ہوگا۔

جھارکھنڈ میں، جھارکھنڈ مکتی مورچہ نے آئندہ اسمبلی چناؤ کیلئے رانچی اسمبلی سیٹ سے Mahua Maji کو انتخابی میدان میں اتارا ہے۔ JMM نے اب تک 36 امیدواروں کے نام جاری کیے ہیں۔ کانگریس نے 21 امیدواروں جبکہ RJD نے 6 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔ x

## Kerala Bypoll

کانگریس پارٹی کی امیدوار پرینکا گاندھی نے آج دوپہر کیرالہ میں وائناڈ پارلیمانی حلقے کے ریٹرننگ افسر کو اپنے کاغذاتِ نامزدگی سونپے۔ اِس حلقے میں ریزرو Chelakkara اور Palakkad اسمبلی حلقوں کے ساتھ آئندہ ماہ کی 13 تاریخ کو ضمنی چناؤ ہوں گے۔

مہاراشٹر میں آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے شیو سینا اور نیشنلسٹ کانگریس پارٹی نے اپنے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کر دیا ہے۔ x

## Odisha Cyclone Dana

شدید سمندری طوفان Dana کے بارے میں زیادہ امید اِس بات کی ہے کہ یہ کل رات دیر گئے یا جمعہ کو صبح سویرے اڈیشہ کے ساحل پر واقع Bhitarkanika اور Dhamra کے درمیان اثر انداز ہوگا۔ Dana کے دوران ہوا کی رفتار 100 سے 120 کلومیٹر فی گھنٹہ ہوگی۔ محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ مشرقی وسطی خلیج بنگال کے اوپر ہوا کے دباؤ نے آج صبح شدید سمندری طوفان کی صورت اختیار کرلی۔ شدید سمندری طوفان کے اڈیشہ کے کیندر پاڑا ضلع میں واقع Bhitarkanika نیشنل پارک کو متاثر کرنے کا خدشہ ہے۔ اس لئے محکمۂ جنگلات کے افسران جانوروں کو بچانے اور نیشنل پارک کے حیوانات اور نباتات کی کئی دوسری نسلوں کے تحفظ کیلئے تمام احتیاطی اقدامات کررہے ہیں۔

نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے، NDRF کے DIG محسن شہیدی نے بتایا کہ چار ٹیموں کو مغربی

بنگال میں ریزرو رکھا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آندھرا پردیش کے Vizag میں بھی تیاریاں کرلی گئی ہیں۔
اِدھر بھارتی کوسٹ گارڈ نے سمندری طوفان Dana کی آمد سے قبل انسانی جان اور املاک کے تحفظ کیلئے کئی احتیاطی اقدامات پر عمل کیا ہے۔ x

### German Chancellor India

جرمنی کے چانسلر Olaf Scholz ساتویں بین حکومتی صلاح مشورے کیلئے کل سے بھارت کے تین روزہ دورے پر رہیں گے۔ وزیر اعظم نریندر مودی اور چانسلر Scholz اِس ماہ کی 25 تاریخ کو بین حکومتی صلاح مشورے کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔ بین حکومتی صلاح مشورہ، مجموعی حکومت کا ایک طریقۂ کار ہے، جس کے تحت دونوں ممالک کے وزراء اپنے متعلقہ شعبوں کے حوالے سے تبادلۂ خیال کرتے ہیں اور اُن کے نتائج سے وزیر اعظم اور چانسلر کو آگاہ کیا جاتا ہے۔ دونوں رہنما، اِس موقع پر باہمی بات چیت بھی کریں گے۔ x

### Rev Spain President

اسپین کے صدر Pedro Sanchez، 27 سے 29 اکتوبر تک بھارت کا سرکاری دورہ کریں گے۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ یہ اُن کا بھارت کا پہلا دورہ ہوگا۔اِس سے قبل وزیر اعظم نریندر مودی اور صدر Sanchez باہمی میٹنگوں کے موقعوں پر کئی مرتبہ ملاقات کرچکے ہیں۔ x

### Delhi Pollution

دلّی کی ہوا کا معیار بدستور بہت خراب کے زمرے میں ہے۔ آلودگی کی روک تھام سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق دوپہر بارہ بجے قومی راجدھانی کا ہوا کے معیار کا اشاریہ 367 پر تھا۔ اِس سے متعلق ایک واقعے کے تحت آج سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ ہوا کے معیار کے بندوبست سے متعلق کمیشن کے قانون کے ضابطوں کے تحت پَرالی جلانے پر جرمانے کو نافذ نہیں کیا گیا ہے۔
اِس دوران ایڈیشنل سولیسٹر جنرل ایشوریہ بھاٹی نے، جو مرکز کی نمائندگی کر رہے تھے، انہوں نے عدالت کو یقین دہانی کرائی کہ 10 دنوں کے اندر اندر ضابطوں کو قطعی شکل دے دی جائے گی اور قانون پر مکمل طور پر عمل در آمد ہوگا۔ x

### Court Eidgah Case

الہٰ آباد ہائی کورٹ نے آج متھرا شاہی عہد گاہ - شری کرشن جنم بھومی کے جاری تنازعے میں اُس عرضداشت کو مسترد کردیا ہے، جس میں عدالت کے سابقہ حکم نامے کو واپس لینے کا مطالبہ کیا گیا تھا، جس کی رو سے تمام متعلقہ دیوانی مقدمات کی سماعت ساتھ ساتھ کئے جانے کی بات کی گئی تھی۔

اِس سے قبل بدھ کو عدالت نے، اِس درخواست پر اپنے فیصلے کو محفوظ کرلیا تھا۔ عرضداشت تمام 18 معاملوں کی مشترکہ سماعت کے حکم پر از سرنو غور کرنے کیلئے کی گئی تھی، جس میں یہ دلیل دی گئی کہ ہر معاملہ قانونی اعتبار سے الگ الگ نوعیت کا ہے۔ اس معاملے کی سماعت کی صدارت جسٹس Mayank کمار جین کررہے ہیں، جنھوں نے اِس برس 11 جنوری کو یہ حکم دیا تھا کہ اِن تمام معاملات کی سنوائی ایک ساتھ ہونی چاہیئے۔ x

## UP - Imran Masood Charges

اترپردیش میں سہارنپور سے کانگریس کے ممبر پارلیمنٹ عمران مسعود کے خلاف ایک خصوصی عدالت میں الزامات عائد کئے گئے ہیں۔ یہ الزامات 2014 میں پارلیمانی انتخابات کے دوران وزیر اعظم نریندر مودی کے متعلق مبینہ طور پر قابلِ اعتراض بیانات دینے کے سلسلے میں ہیں، جب جناب مودی گجرات کے وزیر اعلیٰ تھے۔ سہارنپور کی ایم پی، ایم ایل اے عدالت نے اِس سلسلے میں 19 گاؤں والوں کے بیانات ریکارڈ کئے ہیں۔ مسعود، 2014 میں سہارنپور پارلیمانی حلقے سے امیدوار تھے اور انتخابات کے دوران ایک ویڈیو وائرل ہوا تھا، جس میں وہ وزیر اعظم نریندر مودی کے خلاف مبینہ طور پر قابلِ اعتراض بیانات دے رہے تھے۔

عمران مسعود کے خلاف ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی، ماحول کو خراب کرنے کی کوشش اور درج فہرست ذاتوں کے بارے میں ذات کی جانب اشارہ کرنے والے الفاظ استعمال کرنے کے سلسلے میں ایک کیس درج کیا گیا تھا۔ x

## Pak SC

پاکستان کے صدر آصف علی زرداری نے سپریم کورٹ کے جسٹس یحییٰ آفریدی کو پاکستان کا اگلا چیف جسٹس مقرر کیا ہے۔ صدر کے دفتر کے پریس ونگ نے کہا ہے کہ یہ تقرری تین سال کی مقررہ مدت کیلئے ہے، جو اِس مہینے کی 26 تاریخ سے نافذ العمل ہوگی۔x

## Mandaviya Sports Governance Bill

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویہ نے آج مجوزہ نیشنل اسپورٹس گورنینس بل 2024 پر تبادلۂ خیال کیلئے نئی دلّی میں فریقین کے ساتھ صلاح مشورے کی خاطر ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ اپنے خطاب

میں وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت کا مقصد نوجوانوں کو صحیح سمت عطا کرنا ہے۔ جناب مانڈویہ نے کہا کہ مجوزہ بل کا مقصد کھیلوں سے وابستہ افراد کی فلاح و بہبود اور ترقی کو فروغ دینے کیلئے ایک جامع طریقۂ کار قائم کرنا ہے۔ اِس میٹنگ میں ایتھلیٹس کے ایک گروپ نے بھی شرکت کی۔ x

## FM - Station

اطلاعات و نشریات کی وزارت میں سینئر اقتصادی مشیر RK Jena نے آج کہا ہے کہ ملک بھر کے 234 قصبوں میں 730 پرائیویٹ ریڈیو ایف ایم چینلز کھولے جائیں گے۔ رانچی میں نامہ نگاروں سے بات چیت کرتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ 19 ایف ایم ریڈیو چینل بوکارو ، دیوگھر ، دھنباد، گریڈیھی ، ہزاری باغ اور میدینی نگر کے چھ ضلعوں میں کھولے جائیں گے۔ جناب Jena نے بتایا کہ ایف ایم ریڈیو چینل کھولے جانے کیلئے بولی لگانے کا عمل جاری ہے۔ اِس کیلئے درخواست دینے کی آخری تاریخ 18 نومبر ہے۔ x

## Guwahati NF Railway

شمال مشرقی فرنٹیئر ریلوے نے اِس سال یکم اپریل سے اکتوبر کے درمیان تک 74 خصوصی ٹرینیں چلائی ہیں۔ اس مدت کے درمیان شمال مشرقی فرنٹیئر ریلوے نے کُل 673 پھیرے لگائے، جس میں تقریباً 10 لاکھ مسافروں کو سہولت فراہم کی گئی۔ اس مدت کے دوران مسافروں کی ضرورت کو پورا کرنے کیلئے 8 اعشاریہ 83 لاکھ اضافی برتھ فراہم کی گئیں۔ x

## Weather Forecast Gram Panchayat

اب ملک میں گرام پنچایت سطح پر بھی موسم سے متعلق پیشگوئی دستیاب رہے گی۔ حکومت، کل سے ایک تاریخی اور یکسر تبدیلی کی پہل کا آغاز کر رہی ہے، جس کے تحت ہر گھنٹے موسم سے متعلق پیشگوئی کی سہولت کے ساتھ گرام پنچایتوں میں موسم کی پیشگوئی کی سہولت دستیاب رہے گی۔ پنچایتی راج کے وزیر راجیو رنجن سنگھ، نئی دلّی میں اِس پہل کا آغاز کریں گے۔ یہ پہلی مرتبہ ہے کہ مقامی سطح پر موسم کی پیشگوئی گرام پنچایت میں دستیاب رہے گی۔ یہ سہولت پنچایتی راج وزارت کے ڈیجیٹل پلیٹ فارم e-GramSwaraj، میری پنچایت ایپ اور گرام مانچتر پر فراہم کی جائے گی۔ اِس سے ملک بھر کے کسانوں اور گاؤں والوں کو براہ راست فائدہ ہوگا۔ x

## Hockey India Germany

مردوں کی ہاکی میں نئی دلّی کے میجر دھیان چند نیشنل اسٹیڈیم میں پہلے میچ میں بھارت کو جرمنی نے صفر کے مقابلے دو گول سے شکست دی۔ جرمنی کیلئے Henrik Mertgens نے چوتھے منٹ میں اور کپتان Lukas Windfeder نے 30ویں منٹ میں گول کئے۔

یہ سیریز خاص اہمیت رکھتی ہے کیونکہ اِس سے ایک دہائی کے بعد بھارت کی راجدھانی میں بین الاقوامی ہاکی کی واپسی ہوئی ہے۔ ہرمن پرِیت سنگھ کی قیادت والی بھارتی ٹیم ، جرمنی کے ساتھ دو میچ کھیلے گی۔ بھارت کی اِس ٹیم نے پیرس اولمپکس میں چاندی کا تمغہ جیتا تھا۔ اِس سیریز کا دوسرا میچ کل ہوگا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆